تبصرے

دینِ اسلام | حصہ اول۔ ازمولانا لطف الرحمٰن صاحب تقطیع خورد ضخامت ۹۷ صفحات، کتابت وطباعت بہتر کاغذ سفید اور چکنا۔ قیمت ۶؍ پتہ:۔ مکتبہ ترجمان القرآن شہر مالدہ صوبہ بنگال

اس کتاب میں لائق مصنف نے یہ سمجھانے کی کوشش کی ہے کہ انسان کو مذہب کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے؟ پھر تمام مذاہب میں اسلام ہی کیوں مذہب حق ہے؟ اس کے بعد مستقل ابواب کے ماتحت اسلامی عقائد وعبادات اور عادات کا ذکر ہے، ہر مسئلہ کو مدلل اور مبرہن کر کے لکھا ہے۔ زبان عام فہم اور سلیس ہے۔ یہ کتاب اس قابل ہے کہ اسکولوں کے نصاب میں شامل کی جائے۔

حیاتِ سجاد | مرتبہ مولانا عبدالصمد صاحب رحمانی تقطیع متوسط ضخامت ۱۶۰ صفحات کتابت طباعت متوسط قیمت عمر پتہ:۔ مکتبۂ امارتِ شرعیہ پھلواری شریف ضلع پٹنہ

مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد مرحوم ہماری بزم علم وعمل کے ایک ایسے تابندہ ستارے تھے جن کو اس دنیا سے روپوش ہوجانے کے بعد بھی زمانہ عرصۂ دراز تک یاد کرتا رہیگا۔ آنمرحوم کی وفات کے کچھ دنوں بعد ہی "محاسنِ سجاد" کے عنوان سے ایک مجموعہ شائع ہوا تھا جو جناب مرتب کی ایک فروگذاشت کے باعث حضرتِ مرحوم کے معتقدین کے حلقوں میں ناپسند کیا گیا تھا۔ اب مولانا عبدالصمد صاحب نے ایک اور مجموعۂ مضامین "حیاتِ سجاد" کے نام سے شائع کیا ہے جس کی غرض غالباً "دوسرے کی کرنی کو خود بھرنا ہے" اس کتاب کے شروع میں فاضل مرتب کے قلم سے مولانا سجاد مرحوم کے ذاتی حالات وسوانح ہیں۔ پھر محاسن ومناقب کے زیرِ عنوان مختلف حضرات نے مولانا کے بعض خاص خاص اوصاف ومحامد کا ذکر کیا ہے اس کے بعد خدمات وبرکات کا عنوان ہے جس کے ماتحت متعدد اربابِ قلم نے مولانا کی ملکی ومذہبی اور سیاسی وعلمی خدمات شمار کرائی ہیں۔ آخر میں نظمیں، مرثیے، اور